© rasailojaraid.com

## ISLAM, FAITH AND PRACTICE
By
M. AHSAN

لندن میں اسلامک فاؤنڈیشن ( 223, London Rd. ) کی طرف سے اسلام کے نام سے یہ کتابچہ شائع ہوا ہے۔ جس کا مقصد یہ ہے کہ غیر مسلموں کو اسلام کے بارے میں صحیح معلومات دی جائیں کتاب میں توحید، رسالت، آخرت اور ایسے ہی دوسرے بنیادی احکام، نماز، روزہ، زکوۃ، حج کے بارے میں نہایت اختصار کے ساتھ سلیس زبان میں معلومات دی گئی ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ مغرب کے عام آدمی کو اسلام کے بارے میں صحیح معلومات پہنچانا ایک قابل قدر کام ہے جس پر ہم دونوں کتاب کے مؤلف اور پبلشر کو مبارک باد دیتے ہیں لیکن یہاں اس بات کا تذکرہ بھی ضروری ہے کہ انھوں نے ''اسلام اور موجودہ دنیا،، کے عنوان کے تحت یہ جو لکھا ہے کہ 'ماضی میں مسلم دنیا ٹیکنالوجی میں یورپ سے آگے تھی،، بے محل ہے۔ ''موجودہ دنیا،، میں یا تو مسلم دنیا کی صحیح پوزیشن پر لکھا جائے تاکہ ہم اپنا محاسبہ کرکے اپنے فرائض انجام دیں، یا پھر مغربی آدمی کو یہ بتایا جائے کہ اسلام ایک دین کی حیثیت سے کیا رول ادا کر سکتا ہے۔ نیز یہ کہ مغربی دنیا میں انسان نے خدا سے رشتہ توڑ کر جو نقصان اٹھایا ہے، اس رشتہ کو بحال کرکے انسان سچی مسرتوں کو کیوں کر حاصل کر سکتا ہے؟

★

© rasailojaraid.com